## 2. بنیادی کام(Core Activities):۔

### 2.1. نئے مدرسۃ المدینہ بالغان:۔

2.1.1. جامعۃ المدینہ/مدرسۃ المدینہ کے اساتذہ کرام کی فہرستیں(Lists) بنانا اور ان کے ذریعے سے نئے مدرسۃ المدینہ بالغان شروع کروانا۔

2.1.2. جامعۃ المدینہ،مدرسۃ المدینہ کے وہ طلبہ جو قرآن پاک پڑھا سکتے ہیں ان کی فہرست(List) بنانا اور ان کو مدرسۃ المدینہ بالغان پڑھانے کا ذہن(Mindset) دینا۔

2.1.3. اہلسنت کی مساجد کا ریکارڈ بنایا جائے اور ان میں مدرسۃ المدینہ بالغان شروع کروانا نیز مسجد میں اجازت(Permission) نہ ملنے کی صورت میں قریبی عاشقِ رسول کے گھر/دوکان یا فیکٹری وغیرہ میں قائم کرنا۔

### 2.2. مدرس:۔

2.2.1. مُدَرِّس روزانہ عاشقان رسول کی حاضری(Attendance) لگائیں اور ان کا نام، مکمل پتا، رابطہ نمبر بھی رجسٹر ڈائری میں دَرج کریں۔

2.2.2. مدرسۃ المدینہ بالغان کا مُدَرِّس اور شرکاء (پڑھنے والے) روزانہ وقت پر حاضر ہوں، جو اسلامی بھائی وقت پر نہ آئے، مُدَرِّس ان کو نرمی وشفقت (Kindness) سے وقت پر آنے کی ترغیب دلائیں۔ (یاد رہے! مُدَرِّس کے لئے وقت کی پابندی بے حد ضروری ہے)۔

2.2.3. جس مسجد میں مدرسۃ المدینہ بالغان قائم ہے، مُدَرِّس اس مسجد کی صف اَوّل میں تکبیر اولیٰ کے ساتھ نَماز باجماعت ادا کرکے درس کے فوراً بعد مدرسۃ المدینہ بالغان کا آغاز کریں اور مدنی قاعدہ/قرآن پاک پڑھانے کے ساتھ ساتھ "نماز کے احکام" سے نماز، سورتیں، اذکار و دعائیں وغیرہ بالترتیب یاد (Memorize) کرائیں۔

2.2.4. استاد اور میرا شاگرد کہنے/کہلوانے والا ماحول نہ بنائیں بلکہ سب کے سب اسلامی بھائی بن کر رہیں اور تعلیم قرآن کے سلسلے کو عام کریں۔ پڑھانے والا (مدرِّس) برتر بننے کے بجائے، نیک نیّتی کے ساتھ عاجزی کا بازو بچھائے اور پڑھنے والوں کے ساتھ نرمی و شفقت کرے، اِنْ شَآءَ اللہ الکریم جلد تر مدنی انقلاب(Revolution) برپا ہو جائے گا۔ جو بھی اسلامی بھائی مدرَسۃُ المدینہ بالغان میں آئے، مدرّس اُس سے ایسے حُسنِ اخلاق کے ساتھ پیش آئے کہ وہ یہیں کا ہو کے رہ جائے۔ اگر پڑھنے والا آنا چھوڑ دے تو مدرِّس خود یا کسی کے ذریعے اُس پر انفرادی کوشش(Individual Effort) کرکے واپس لائے۔

2.2.5. "مدرَسۃُ المدینہ بالغان" کا ماحول اِنتہائی سنجیدہ(Serious) رکھیں، مذاق مسخری اور غیر سنجیدگی بے حد نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔

2.2.6. ٹیوب لائٹس/بلب/انرجی سیور/پنکھے وغیرہ حسبِ ضرورت ہی استعمال کریں، اور جاتے وقت لازمی بند کر دیں، جاتے وقت ڈیسک وغیرہ مخصوص جگہ پر رکھ دیں اور دریاں/چٹائیاں وغیرہ بھی ضرور سمیٹ دیں۔

### 2.3. طلبہ:۔

2.3.1. مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھنے والے عاشقان رسول کو دینی کاموں کا ذہن(Mindset) دیا جائے اور اہلیت کے مطابق ذیلی حلقہ وارڈ وغیرہ پر دینی کاموں کی ذمہ داری دی جائے۔

### 2.4. مفتش:۔

2.4.1. مسجد میں لگنے والے مدرسۃ المدینہ بالغان میں بھی مفتش(Checker) کی ترکیب ہو گی جو ہر ماہ 1 مدرسۃ المدینہ بالغان کا جائزہ کرے گا۔

2.4.2. مدرّس جس دِن رُخصت پر ہو، ناظم/مفتش اس دِن تدریس کرے گا, کُل وقتی(Full Time) مدرسۃ المدینہ بالغان میں کُل وقتی مفتش کی ترکیب ہو گی۔

## 2.5. مسجد:۔

2.5.1. جس مسجد میں "مدرسۃُالمدینہ بالغان" ہو، اس کے انتظامات وغیرہ میں انتظامیہ کا ہاتھ بٹائیں، عندالضرورت شرکاء (پڑھنے والے) میں سے جو اہل ہوں اُنہیں انتظامیہ کی رُکنیت (Membership) وغیرہ کیلئے پیش کریں اور مسجد کی خدمت کرکے دونوں ہاتھوں سے ثواب لُوٹیں۔

2.5.2. مسجد انتظامیہ کی طرف سے ہونے والی درود خوانی اور بڑی رات کی محافل وغیرہ میں شرکت کی سعادت حاصل کریں۔ خطیب و امام و مؤذن صاحبان کی خدمت کریں {نیک عمل نمبر 69: "کیا آپ نے اِس ماہ کسی سُنّی عالِم (یا اِمام مسجد، مؤذِن، خادم) کی کچھ نہ کچھ مالی خدمت کی؟}، ان کے حکم پر عند الضرورت اہل اسلامی بھائی اذان و اقامت کی سعادت حاصل کریں کلاس کے شرکاء کی دلچسپی قائم رکھنے کے لیے انبیاء کرام، صحابہ کرام، اولیاء کرام و بزرگان دین اور امیر اہلسنت کے واقعات بیان کرنا اور ان واقعات سے سبق حاصل کرنے اور کمزوریوں کو دور کرنے کی کوشش کرے۔

2.5.3. مدرسۃُالمدینہ بالغان بڑھانے کے لیے ضرور تاً کل وقتی/جز وقتی (Part Time) اجارہ بھی کیا جائے۔

2.5.4. **ٹیسٹ**:۔مدرسۃالمدینہ بالغان میں پڑھانے والے (اجیر/غیر اجیر) کا تدریسی ٹیسٹ پاس ہونا چاہیے۔

**جدول مدرسۃ المدینہ بالغان برائے مسجد/ہفتہ وار اجتماع جدول**

| # | پیریڈ | دورانیہ |
|---|---|---|
| 1 | تفسیر سننے سنانے کا حلقہ | 03منٹ |
| 2 | مدنی قاعدہ+اذکارِ نماز | 30منٹ |
| | **آؤ علم دین سیکھیں** | |
| 3 | نماز کے احکام | 12منٹ |
| 4 | سنتیں اور آداب | |
| 5 | درس (اصلاح اعمال) | |
| 6 | نیک اعمال کا جائزہ و اختتامی دعا | |
| | **کل دورانیہ** | **45منٹ** |

**جدول مدرسۃ المدینہ بالغان برائے مارکیٹ، دفاتر اور تعلیمی ادارے**

| # | پیریڈ | دورانیہ |
|---|---|---|
| 1 | تفسیر سننے سنانے کا حلقہ | 03منٹ |
| 2 | مدنی قاعدہ+اذکارِ نماز | 21منٹ |
| | **آؤ علم دین سیکھیں** | |
| 3 | نماز کے احکام | 11منٹ |
| 4 | سنتیں اور آداب | |
| 5 | درس (اصلاح اعمال) | |
| 6 | نیک اعمال کا جائزہ و اختتامی دعا | |
| | **کل دورانیہ** | **35منٹ** |

## 2.6. مدرسۃ المدینہ بالغان برائے مساجد/ہفتہ وار اجتماع کیفیت:۔

2.6.1. تکمیل مدنی قاعدہ: 92 دن (ممتاز) 126 دن (بہتر)/ تکمیلِ قرآنِ پاک (ناظرہ) 12 ماہ (ممتاز) 19 ماہ (بہتر)

2.6.2. مدنی قاعدہ مکمل کروانے کا ہدف برائے اجیر 8 گھنٹے (ممتاز: 41، بہتر: 26)۔4 گھنٹے: (ممتاز: 21، بہتر: 13)۔2 گھنٹے: (ممتاز: 15، بہتر: 7)۔60 منٹ: (ممتاز: 8، بہتر: 4) برائے غیر اجیر (ممتاز: 6، بہتر: 2)۔

2.6.3. قرآنِ کریم ناظرہ مکمل کروانے کا ہدف برائے اجیر 8 گھنٹے (ممتاز: 12، بہتر 9)، 4 گھنٹے (ممتاز: 7، بہتر: 5)، 2 گھنٹے (ممتاز: 4، بہتر: 3)، 60 منٹ: (ممتاز: 3، بہتر: 2) برائے غیر اجیر (ممتاز: 2، بہتر: 1)۔

